University of Health Sciences Lahore

# ALERT

## Admissions into private sector medical and dental colleges in Punjab, Session 2023-24

## Important information for aspiring students and their parents

In accordance with the directive of the Government of Punjab and the ratified Admission Policy by the caretaker Provincial Cabinet for the Session 2023-24, centralized admissions are currently underway for private sector medical and dental colleges within the Province. This process has received validation through judgments by the Hon'ble Lahore High Court (WP No. 81965/2023, CM No. 6/23 in WP No. 68290/2023, and WP No. 69050/2023), permitting the University of Health Sciences to proceed with the admission process for private sector medical and dental colleges.

Consequently, the University of Health Sciences is scheduled to publish the first selection list for private sector medical colleges on **January 8, 2024**, and for private sector dental colleges on **January 10, 2024**.

Candidates are hereby strongly advised, upon inclusion in the selection list, to deposit their college fees within three days following the prescribed procedure and promptly submit a written report to the respective college by the stipulated date. In order to safeguard the rights of admitted candidates and facilitate the fee collection process, colleges are legally bound by an affidavit to adhere strictly to the rules and regulations outlined by the University of Health Sciences and the Pakistan Medical and Dental Council regarding fee refunds or transfers. Colleges having submitted the aforementioned affidavit are duly authorized to collect the entire fee from admitted candidates. In cases where candidates upgrade in subsequent selection lists, colleges are obligated to transfer the candidate's full fee to the newly allotted college without any deductions. The list of colleges that have submitted the affidavit will be disclosed concurrently with the first selection list, and candidates will directly deposit their fees to these authorized colleges.

Colleges yet to submit the affidavit will not be authorized to directly collect fees from candidates. Instead, the University of Health Sciences Lahore will collect the token fee (Rs. One Million for open merit seats and US$ 10,000 for foreign seats) to ensure the protection of the rights of admitted candidates. Following the completion of the entire admission process, the university will transfer this amount to the relevant college's account.

All candidates and their parents are hereby notified that, in accordance with the policies of the Punjab government and the decisions of honorable courts, any private medical and dental college within the geographical boundaries of Punjab is not empowered to independently admit students. Only candidates admitted through the centralized admission system by the University of Health Sciences Lahore will be recognized as "admitted." Any candidate securing admission in a private medical or dental college independently, either through deception or personal discretion, and submitting fees, will not be acknowledged as admitted. Such candidates shall be held responsible for their losses.

**Director Undergraduate Admissions**
University of Health Sciences,
Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600
Ph: 042-111-33-33-66, 042-99231355, 042-99231212
/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

# انتباہ

## پنجاب کے پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں

## میں داخلے کے خواہشمند طلبہ اور انکے والدین کیلئے اہم اطلاع

حکومت پنجاب کے فیصلے اور صوبائی کابینہ کی منظور کردہ ایڈمیشن پالیسی برائے سیشن 24-2023 کی رو سے پنجاب کے پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں بھی امسال سینٹرلائزڈ ایڈمیشن کیے جارہے ہیں۔ مزید برآں، لاہور ہائیکورٹ کے فیصلوں (رٹ پٹیشن نمبر 81965/2023 ، سی ایم نمبر 6/23 رٹ پٹیشن نمبر 68290/2023 اور رٹ پٹیشن نمبر 69050/2023) میں بھی یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کو پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں داخلوں کا عمل جاری رکھنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اس کے پیش نظر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز **8** جنوری **2024**ء بروز سوموار پنجاب کے پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل کالجوں اور **10** جنوری **2024**ء بروز بدھ پرائیویٹ سیکٹر ڈینٹل کالجوں کی پہلی سلیکشن لسٹ جاری کرنے جارہی ہے۔

اس حوالے سے امیدواروں کو مطلع کی جاتا ہے کہ سلیکشن لسٹ میں نام آجانے پر امیدوار کو تین روز کے اندر اندر اپنی کالج فیس جمع کرواکے متعلقہ کالج میں تحریری طور پر رپورٹ بھی کرنا ہوگا۔ صوبائی ایڈمیشن کمیٹی کے فیصلے کے مطابق اور داخل ہونے والے امیدواروں کے حقوق کے تحفظ کے پیش نظر فیس کی وصولی کے لیے کالجوں سے بیان حلفی لیا گیا ہے کہ وہ فیس واپس یا ٹرانسفر کرنے کے حوالے سے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز اور پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے قواعد وضوابط کی سختی سے پابندی کریں گے۔ بیان حلفی جمع کرانے والے کالجوں کو داخل ہونے والے امیدواروں سے مکمل فیس لینے کی اجازت ہوگی۔ تاہم اگلی سلیکشن لسٹوں

میں امیدوار کی اپ گریڈیشن کی صورت میں یہ کالج امیدوار کی پوری فیس بغیر کسی کٹوتی کے نئے کالج میں ٹرانسفر کرنے کے پابند ہوں گے۔ جن کالجوں نے یہ بیان حلفی جمع کرادیا ہے ان کی فہرست پہلی سلیکشن لسٹ کے ساتھ جاری کردی جائیگی اور امیدوار اپنی فیس براہ راست ان کالجوں میں جمع کرائیں گے۔ تاہم وہ کالج جنھوں نے یہ بیان حلفی ابھی تک جمع نہیں کرایا ہے ان کالجوں میں داخل ہونے والے امیدواروں کے حق کے تحفظ کیلیۓ اُن کی ٹوکن فیس (مبلغ 10 لاکھ روپے برائے اوپن میرٹ سیٹ اور 10 ہزار امریکی ڈالر برائے فارن سیٹ) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز خود وصول کریگی جو داخلے کا تمام عمل مکمل ہونے کے بعد یونیورسٹی متعلقہ کالج کے اکاؤنٹ میں جمع کرادے گی۔

اس حوالے سے تمام امیدواروں اور انکے والدین کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ حکومت پنجاب کی پالیسی اور معزز عدالتوں کے فیصلوں کی رو سے پنجاب کی جغرافیائی حدود کے اندر واقع کوئی بھی پرائیویٹ میڈیکل اور ڈینٹل کالج خود سے داخلے کرنے کا مجاز نہیں۔ صرف وہی امیدوار داخل تصور ہوں گے جنھیں سینٹرلائزڈ ایڈمیشن پالیسی کے تحت یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز داخل کرے گی۔ اس کے باوجود بھی اگر کوئی امیدوار کسی کے جھانسے میں آکر یا خود اپنی مرضی سے کسی پرائیویٹ میڈیکل یا ڈینٹل کالج میں داخلہ لیکر فیس جمع کراتا ہے تو ایسے امیدوار کو داخل نہ سمجھا جائے گا اور وہ اپنے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔


**ڈائریکٹر انڈر گریجویٹ ایڈمیشنز**

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز

خیابان جامعہ پنجاب، لاہور

فون نمبر: 042-99231212، 042-99231355، 042-111-33-33-66



/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk